NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY.

Institute for Basic Research in Developmental Disabilities (IBR)

ریاست نیو یارک کا ادارہ برائے نشوونما کی معذوریوں کی بنیادی تحقیق



ٹیلی فون: 0600-494 (718) | فیکس: 3803-698 (718)

NY ریلے سسٹم 711

www.opwdd.ny.gov/ibr

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. Office for People With Developmental Disabilities

NYS کے دفتر برائے نشوونما کی معذوریوں کا شکار افراد (OPWDD) کی ایک ڈویژن

049_342020

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY.

Institute for Basic Research in Developmental Disabilities (IBR)

Foret Hill Road 1050

Staten Island, NY 10314



IBR کے راستے

ویرازانو نیروز برج

ویرازانو نیروز برج تا اسٹیٹن آئی لینڈ ایکسپریس وے (278) ویسٹ تا بریڈلی ایوینیو کا اخراجی راستہ 11۔ سروس روڈ (نارتھ گینن ایوینیو) پر سیدھا آگے ٹریفک کے دوسرے اشارے تک آئیں۔ وولی ایوینیو** پر بائیں مڑیں اور 10 بلاکس تک سیدھا آگے آئیں (وولی ایوینیو فاریسٹ ہل روڈ بن جاتا ہے)۔ IBR اسٹریٹ کے دائیں جانب واقع ہے؛ عمارت کے بائیں جانب ذرا دور موجود پارکنگ لاٹ میں داخل ہوں۔

گوتھلز برج

گوتھلز برج تا اسٹیٹن آئی لینڈ (278) ایسٹ تا وکٹری بولیوارڈ کا اخراجی راستہ۔ وکٹری بولیوارڈ پر بائیں مڑیں۔ اسٹیٹن آئی لینڈ کے کالج کے داخلی راستے کے پاس سے گزریں۔ سروس روڈ (ساؤتھ گینن) پر دائیں مڑیں اور سیدھا ٹریفک کے پہلے اشارے تک جائیں۔ وولی ایوینیو پر دائیں مڑیں - درج بالا سے ** کی پیروی کریں۔

گارڈن اسٹیٹ پارک وے—نادرن نیو جرسی/بوانتس نارتھ

گارڈن اسٹیٹ پارک وے تا سیڈل بروک کا اخراجی راستہ، روٹ 80 ایسٹ تا نیو جرسی ٹرن پائک ساؤتھ۔ اخراجی راستہ 13 (الیزبتھ/گوتھلز برج/278) - درج بالا گوتھلز برج کے راستوں کی پیروی کریں۔

آؤٹر برج کراسنگ - سدرن/سینٹرل نیو جرسی

گارڈن اسٹیٹ پارک وے تا اخراجی راستہ 127 لیں، آؤٹر برج کراسنگ/اسٹیٹن آئی لینڈ کے اشاروں کی پیروی کریں۔ آؤٹر برج کراسنگ تا رچمنڈ پارک وے/کورین وار ویٹرنز پارک وے تا رچمنڈ ایوینیو نارتھ (بائیں لین)۔ فاریسٹ ہل روڈ پر دائیں جانب مڑیں (پہلا اشارہ)۔ IBR آپ کی بائیں جانب تقریباً 2 میل کے فاصلے پر ہے۔ عمارت کے بائیں جانب ذرا فاصلے پر پارکنگ لاٹ میں داخل ہوں۔

اسٹیٹن آئی لینڈ فیری سے:

فیری ٹرمینل کے اندر، ریمپ A پر جائیں، آخری حصے تک پیدل جائیں، بس نمبر 61 لیں۔ بس IBR کے بالکل سامنے رکے گی۔

IBR کی تحقیق کے ترجیحی شعبے

- آٹزم
- ڈاؤن سنڈروم
- ابتدائی تجزیہ اور مداخلت
- کمزور X سنڈروم
- اعصابی نشوونما کے عارضے
- نظام انہضام کے پیدائشی نقائص
- عقلی معذوریاں اور عمر رسیدگی
- بنیادی نیورو سائنس - مالیکولر بائیولوجی
- ابتدائی نشوونما کی نیورو سائنس

سروس

IBR کا ایک سروس کا جزو جارج اے جاروس کلینک (George A. Jervis Clinic) ہے جو کہ سائنسدانوں اور کلینیشنز کے درمیان قریبی تعاون کے ساتھ تین درجوں کی بیرونی مریضاں سروس ہے۔ جارج اے جاروس کلینک میں پیشکش کردہ نیورولاجیکل، سائیکاٹرک، رویہ جاتی اور جینیاتی سروسز میں عقلی معذوریوں، آٹزم، سیریبرل پالسی، اچانک بیماری کے دوروں کے عارضوں، ڈیمنشیا، گفتگو کی بے قاعدگیوں، رویے کی بے قاعدگیوں اور پروگریسو نیورولاجیکل اور نیورومیٹابولک بیماریوں کا تجزیہ شامل ہے۔ جب موزوں ہو، بائیو کیمیکل اور DNA لیبارٹری ٹیسٹس تشخیصی تجزیے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔
IBR کی ایک اور ڈویژن، سپیشلٹی کلینک لیبارٹریز (SCL) بھی مختلف اقسام کے جینیاتی، ہاضمے اور نیورو ڈیجنریٹو عارضوں کے لیے خصوصی ٹیسٹنگ فراہم کرتی ہیں۔

تحقیق

IBR کی تحقیق کے اہداف دماغ کی نشوونما اور پتھالوجی کی تحقیق کرنا اور ان کی عمل کاری کے نتائج کی وضاحت کرنا، یوں نشوونما کی معذوریوں کی وجہ بننے والے عارضوں کی تشخیص، اجتناب اور علاج کے ذرائع فراہم کرنا ہیں۔

تحقیقی شعبے

- نشوونما سے متعلق نیورو بائیولوجی
- انسانی جینیات
- شیر خوار کی نشوونما
- مالیکیولر بائیولوجی
- نیورو کیمسٹری
- نفسیات

تعلیم

IBR نشوونما سے متعلق نیورو سائنس اور نشوونما کی معذوریوں (PDNDD) میں پروگرامز کے ذریعے نفسیات، بائیولوجی، کیمسٹری اور دیگر نیورو سائنس سے متعلقہ شعبوں کے گریجوئیٹ طلباء اور صحت کے پیشہ ور ماہرین کو تربیت فراہم کرتا ہے۔ اسٹیٹن آئی لینڈ کے نیو یارک کالج کی سٹی یونیورسٹی اور بروکلین میں نیو یارک کی اسٹیٹ یونیورسٹی کے ہیلتھ سائنس سینٹر (ڈاؤن اسٹیٹ میڈیکل سینٹر) کی فیکلٹی کے درمیان منفرد تعامل کو بروئے کار لاتے ہوئے PDNDD IBR میں اچھی ساکھ کے حامل تحقیق سائنسدانوں اور کلینیشنز کی مہارت سے فائدہ اٹھاتا ہے۔ یہ نیورو سائنس میں سیمینارز، روز مرہ کی گفتگو، پیشہ ورانہ میٹنگز، برقی اور پرنٹ کردہ ذرائع، اور خصوصی تربیتی مواقع سمیت تحقیق اور اسکالرشپ کے لیے ایک مرکزی مقام اور ریسورس سینٹر کا کردار ادا کرتا ہے۔

اہداف

IBR کی تحقیق نشوونما کی معذوریوں کی وجوہات پر مرکوز ہے اور دماغ کی نشوونما اور پتھالوجی کے فہم میں اضافہ کرتی ہے۔ ہمارے اہداف کا مقصد نشوونما کی معذوریوں کی تشخیص، اجتناب اور علاج کے زیادہ موثر ذرائع فراہم کرنا ہے۔



ریاست نیو یارک کا ادارہ برائے نشوونما کی معذوریوں کی بنیادی تحقیق (IBR)

ریاست نیو یارک کی مقننہ کے ذریعے 1966 میں قائم کردہ، ادارہ برائے بنیادی تحقیق (IBR) ریاست نیو یارک کے دفتر برائے نشوونما کی معذوریوں کا شکار افراد (OPWDD) کا تحقیقی جزو ہے۔
IBAR چھ شعبوں اور 34 لیبارٹریز پر مشتمل ہے جو نشوونما کی معذوریوں کے شعبے میں بنیادی اور کلینکل تحقیق انجام دیتی ہیں۔ IBR کمپلیکس 40 ایکڑ کے کیمپس میں موجود پانچ الگ عمارتوں پر مشتمل ہے جو اسٹیٹن آئی لینڈ کے کالج کے کیمپس سے متصل ہے۔ تحقیق کا انعقاد کرنے کے علاوہ، IBR نشوونما کی معذوریوں کا شکار افراد اور ان کے خاندانوں کو جامع، خصوصی بائیو میڈیکل، نفسیاتی اور لیبارٹری کی سروسز، اور عوام، محققین، اور صحت کی تعلیم کے پیشہ ور ماہرین کو نشوونما کی معذوریوں کی وجوہات، تشخیص، اجتناب اور علاج کے حوالے سے تعلیم بھی فراہم کرتا ہے۔

نصب العین

- نشوونما کی معذوریوں کی وجوہات اور علامات کی تحقیق کا انعقاد کر کے OPWDD کے اہداف کو توسیع دینا۔
- نشوونما کی معذوریوں کی تشخیص، روک تھام اور علاج کو بہتر بنانے کے طریقے تیار کرنا۔
- نشوونما کی معذوریوں کا شکار افراد اور ان کے خاندانوں کو خصوصی بائیو میڈیکل، نفسیاتی اور لیبارٹری کی سروسز فراہم کرنا۔
- عوام، محققین، اور صحت کی تعلیم کے پیشہ ور ماہرین کو نشوونما کی معذوریوں کی وجوہات، تشخیص، اجتناب اور علاج کے حوالے سے تعلیم دینا۔